# موسم کی صورتحال کے مطابق جنوبی پنجاب کے کاشتکاروں کے لئے زرعی سفارشات

محمد نواز شریف زرعی یونیورسٹی ملتان اور محکمہ موسمیات پاکستان اسلام آباد کا مشترکہ منصوبہ

29جون سے 1جولائی2026

موسم کی موجودہ صورتحال کے مطابق جنوبی پنجاب کے اکثر اضلاع میں مطلع صاف رہنے کا امکان ہے۔ اس دوران دن کے وقت زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 38 سے 45ڈگری سینٹی گریڈ جبکہ رات کو کم سے کم 30 سے 34 سینٹی گریڈ رہنے کا امکان ہے۔ ہوا کی رفتار 9 سے 22 کلو میٹر فی گھنٹہ رہنے کا امکان ہے۔ موسم کی موجودہ صورتحال کے مطابق زرعی سفارشات درج ذیل ہیں۔

## کپاس

آبپاشی کے لئے موسمی پیشنگوئی کو مدِ نظر رکھیں۔ ڈوڈی اور پھول آنے کے دوران پانی کی کمی نہ آنے دیں۔ تاہم پھول ڈوڈی آنے کے دوران پانی اور کھاد کا مناسب استعمال کریں۔ جہاں فاسفورسی کھاد مکمل ہو چکی ہے وہاں نائٹروجنی کھاد کے سلسلے میں امونیم سلفیٹ یا کین (گوارہ) ایک بوری فی ایکڑ ڈالیں۔ نائٹروجنی کھاد بجائی کے بعد 3 سے 4 اقساط میں دیں۔ جڑی بوٹیوں کی تلفی پر خصوصی توجہ دیں۔ گوڈی اور رجر کی مدد سے جڑی بوٹیاں کنٹرول کریں۔ کھیت میں باقائدگی سے پیسٹ سکاؤٹنگ کرتے رہیں۔ کپاس میں گلابی سنڈی کی نگرانی کے لئے 1 جنسی پھندا فی 5 ایکڑ کے حساب سے لگائیں۔ گلابی سنڈی کے حملے کی صورت میں مدھانی نما پھول توڑ کر زمین میں دبا کر تلف کریں۔ گلابی سنڈی کے تدارک کے لئے غیر ضروری سپرے ہرگز نہ کریں۔۔ پہلا سپرے حتی الوسع تاخیر سے کریں تاکہ دوست کیڑے پرورش پاسکیں۔ کیڑوں کے حملہ کی صورت میں نقصان کی معاشی حد کو مدِ نظر رکھتے ہوئے محکمہ زراعت کے عملہ کی مشاورت سے تدارک کریں۔

## کماد

کماد کی آبپاشی پر خصوصی توجہ دیں۔ موسمی حالات کو مدِ نظر رکھتے ہوئے کماد کی آبپاشی کا وقفہ 10 سے 12 دن رکھیں۔ کماد میں جہاں نائٹروجنی کھادیں ڈال کر مٹی نہیں چڑھائی گئی وہاں جلد از جلد مٹی چڑھائیں۔ مٹی چڑھانے کے بعد پانی لگائیں اور ایس میٹولا کلور بحساب ایک لیٹر فی ایکڑ فلڈ کریں۔ کماد کے گڑووں کے انسداد کے لئے محکمہ زراعت کی سفارشات پر عمل کریں۔

## آم

موجودہ موسمی حالات کے مطابق درمیانی اقسام کی آبپاشی روک دیں اور پچھیتی اقسام میں حسب ضرورت آبپاشی جاری رکھیں۔ اگیتی اقسام میں کھاد ڈال کر آبپاشی کریں۔ جن اقسام کا پھل توڑ لیا ہے اس میں بعد از برداشت خوراک ڈالیں۔ یاد رہے کھاد دینے میں تاخیر سے پودوں کی پھل دینے کی صلاحیت کم ہو جاتی ہے۔ اگیتی اقسام میں لگائے گئے پھل کی مکھی کے لئے جنسی پھندے اتار کر درمیانی اور پچھیتی اقسام میں منتقل کریں تاکہ وہاں جنسی پھندوں کی تعداد بڑھائی جاسکے۔ حسب ضرورت آبپاشی کا خیال رکھیں۔ آم کی پھل کی مکھی کے کنٹرول کے لئے پودے کے نیچے گرے ہوئے پھل ہر دوسرے دن اٹھائیں اور باغ سے باہر دھوپ والی جگہ پر بکھیر دیں یا گرے ہوئے پھل کو گڑھا بنا کے زمین میں دفن کر دیں۔ جب تک پھل باغ میں موجود ہے صفائی کا خاص خیال رکھیں۔ نر مکھی کے تدارک کے لیئے میتھائیل یوجینال کے پھندوں کا استعمال کریں۔ ایک ایکڑ میں کم از کم، 4 سے 6 جنسی پھندے لگائیں۔ اور یہ پھندے ہر دسویں دن تبدیل کریں۔ اگر دوپہر کے وقت آم کے تنے اور ٹہنوں پر تیلا نظر آئے تو اس جگہ پر مناسب کیڑے مار ادویات کا سپرے کریں۔ آم کے تیلا کا بروقت تدارک کریں۔ بیمار اور کمزور پودوں کی صحت کی بحالی کے لئے پودوں کی چھتری کے نیچے تنے سے 10 فٹ کے فاصلے پر کھالی (ٹرینچ) بنائیں۔ بڑے باغ میں نئے / چھوٹے پودوں میں حفظانی تہہ (ملچ) کے استعمال کو یقینی بنائیں۔ باغ میں زمینی لیول کو بہتر بنائیں۔